مجموعۂ

فتاوی شریفی

مؤلفہ



میر احمد شریف

خلف مولوی حافظ میر فضل اللہ صاحب مرحوم نبیرہ حضرت فقیہ علی مخدوم مہایمی قدس سرہٗ

باہتمام

مینجر مطبع

یوسف الکٹرک پریس حیدرآباد دکن میں طبع ہوا۔

سنہ ۱۳۳۴ ہجری

قیمت فی نسخہ

نذر

بجناب باري تعالیٰ

مین اپنے عقل وہوش کے زمانہ سے اس وقت تک کے غور وفکر کے بعد بھی تیرے احسانات کا شمار نہ کرسکا بلکہ اون احسانات کی برکات کو بھی تمیز کرنے مین ہر طرح قاصر رہا مگر ہر وقت تیری ایک خاص عنایت واعانت کو صاف وصریح طور پر محسوس کرتا تھا اور اوس احساس سے منت پذیری کی جو کیفیت قلب مین پیدا ہوا کرتی تھی وہ خود ایک مسرت عظمیٰ بن جاتی تھی ۔ بہرحال اوسی عنایت نے اس احقر ناچیز سے تکمیل الفرائض جیسی ضخیم کتاب کی تکمیل کرائی اور اوس کے اس ضمیمہ کو بھی مکمل کرایا ۔ اب تیرے ہی عنایت سے یہہ ضمیمہ (مجموعۂ فتاوی شریفی) بھی مفید خلائق اور مقبول عام ہوسکتا ہے اور اوس کے ثواب سے والد مرحوم (جن سے مین نے علم الفرائض حاصل کیا تھا) کی روح پاک مستفید فرمائی جا سکتی ہے ۔ اس لئے یہہ مجموعہ تیرے جناب مین نذر کیا جاتا ہے ۔

احقر العباد

میر احمد شریف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

التماس

زبان اُردو مین علم فرائض کی کوی ایسی مکمل کتاب موجود نہ تھی جس سے تمام ضرورتین پوری ہوجائین اور اوس کے ذریعہ سے احکام فرائض کے علمی و عملی واقفیت درجہ تکمیل تک پہونچائی جاسکے۔ اس لئے مین نے بتائید الہی تکمیل الفرائض کے نام سے ایک رسالہ مرتب کیا۔ اوس مین جس قدر محنت کی گئی ہے اوس کا اندازہ خود ناظرین فرما سکین گے۔ بہر حال اوس رسالہ کی تکمیل کے بعد یہہ ارادہ ہوا کہ اوس کے مختلف ضمیمہ جات مین ایک ضمیمہ ممکن الاجتماع ورثہ کے مسائل کا بھی اضافہ کردیا جائے اور ہر ایک مسئلہ کا عمل حسابی بھی بروئے قاعدہ قدیم اور مطابق کسور عام اوس کے محاذی لکھہ دیا جاے اور عوام الناس کے سہولت فہم کے لئے تقسیم آنہ واری بھی بتا دیجائے۔ جب اوس ارادہ کے مطابق تمام صورتین جمع کرلی گئین تو اس خیال سے کہ عوام الناس کو تکمیل الفرائض کی حاصل کئے بغیر اوس ضمیمہ سے استفادہ کا موقع نہ مل سکے گا وہ تمام حل شدہ مسائل مجموعہ فتاوی شریفی کے نام سے علیحدہ رسالہ کی صورت مین شایع کئے جاتے ہین۔

اگرچہ مین نے سعی کی ہے کہ ہر صورت مسئلہ کا جواب اس رسالہ کے اندراجات سے حاصل ہوجائے لیکن اگر کوی صورت مسئلہ

درج کرنے سے رہ گئی ہو تو ناظرین کی اطلاع بخشی پر ہین اوس
صورت کو حل کر کے اون کی خدمت ہین روانہ کردون گا - اور
طبع ثانی ہین اس قسم کی اطلاعات پر لحاظ کر کے اضافات مناسب
کئے جا سکین گے - ۵ رجمادی الاول سنہ ۱۳۲۴

الملتمس

میر احمد شریف - مقام حیدر آباد دکن - باغ عامہ - رزاق منزل

تکمیل الفرایض

حصۂ دوم

ف حصہ اول مین علم فرایض کے اوس قدر احکام جمع کئے گئے ہین جنپر حاوی ہوجانے کے بعد امید ہے کہ ہر شخص ہر صورت مسئلہ کو حل کر سکے لیکن اون احکام کو یاد کئے بغیر کوی شخص مختلف صورتون کا عمل تقسیم معلوم کرنا چاہے تو اوس کے لئے کوی آسان تدبیر اس کے سوا نہین ہوسکتی کہ تمام ممکن الاجتماع ورثہ کے مسائل کا حل ایک جگہ جمع کردیا جاے ۔ اگرچہ یہہ کام ایک شخص کے لئے دقت سے خالی نہ تہا لیکن مین نے تقریبًا تمام ممکن الاجتماع صورتون کو ترتیب وار جمع کرکے حل کردیا ہے اور اون کے لئے ایک ایسی جدول تیار کردی ہے جس مین تقسیم ترکہ کے قدیم حسابی عمل کو اور نیز کسور عام کے مطابق اپنے مخترعہ تقسیم کو درج کردیا ہے اور عوام الناس کی سہولت فہم کے لئے کل متروکہ کو ایک روپیہ فرض کرکے اوس کی تقسیم آنہ واری کا عمل بہی بتادیا ہے ۔ اگرچہ یہہ فہرست اس وقت بالکل کامل اور اکمل نہین سمجہی جاسکتی لیکن اگر دوسرے اصحاب اوس کی تکمیل مین مدد دین اور آیندہ مجہے بہی غور و فکر مکرر کا موقع ملے تو امید ہے کہ کوی صورت مسئلہ اس حصہ دوم سے خارج نہ رہے ۔

ف۲ جب کسی صورت مسئلہ کا عمل تقسیم دریافت کرنا ہو تو اولًا مورث متوفی کے تمام رشتہ دارون مین سے وارث اور غیر وارث کی تفریق ضرور ہے ۔ یعنی اون رشتہ دارون کو علیحدہ کردینا چاہئے

جن کو شرعًا حق توریث نہین پہونچ سکتا۔

ف۳ جن لوگون کو حق توریث نہین پہونچ سکتا اون کے تین اقسام ہین

اول۔ وہ رشتہ دار جو وراثت مین آ ہی نہین سکتے (دیکھو فقرہ چہارم)

دوم۔ وہ لوگ جو بلحاظ تعلق قرابت کے زمرہ ورثہ مین داخل ہین مگر موانعات ارث کی وجہ سے کبھی وارث ہی نہین ہو سکتے۔ اور وہ بالکلیہ معدوم سمجھتے جاتے ہین (دیکھو فقرہ پنجم)

سوم۔ وہ لوگ جو کسی شخص یا اشخاص کی موجودگی مین حصہ نہین پا سکتے (دیکھو فقرہ نہم)

ف۴ اگرچہ وہ رشتہ دار جو وراثت مین نہین آ سکتے ہین غیر معین ہین اور اون کے تعین کی اس وجہ سے ضرورت ہی نہین ہے کہ شرع مین تمام ورثہ معین ہو چکے ہین لیکن اون اشخاص کی مزید واقفیت کے لئے جن کے واسطے یہہ فہرست مرتب کی جاتی ہے بعض رشتہ دارون کی تفصیل ذیل مین کی جاتی ہے۔

کیفیت	نام قرابتدار	نشان سلسلہ
اگر کسی مرد یا عورت نے کسی لڑکے یا لڑکی کو گود لیا ہو تو اسلام مین وہ بحیثیت فرزند متبنٰے کے کوی حق توریث گود لینے والے کی جایداد مین نہین رکھتے۔	متبنٰے بیٹا یا بیٹی	

۲	سوتیلا بیٹا یا بیٹی	اگر کسی شخص کے دو زوجہ ہون اور زوجۂ ثانیہ لاولد مر جائے تو زوجہ اولی کا بطنی فرزند بحیثیت بیٹے ہونے کے اوس متوفیہ کا وارث نہین ہو سکتا۔
۳	ربیب یا ربیبہ	وہ لڑکا یا لڑکی جو عورت اپنے پہلے شوہر کے نطفہ سے لیکر آتی ہی وہ اس دوسرے شوہر کا ربیب یا ربیبہ کہلاتی ہے لیکن اس حیثیت سے اوس اولاد کو شوہر ثانی کے متروکہ سے کچھہ حصہ نہین مل سکتا۔
۴	علاتی مان	علاتی مان کی حیثیت سے کوی عورت سوتیلے اولاد کی وارث نہین ہوسکتی۔
۵	بہو	ہر ایک عورت اپنے شوہر کے متروکہ مین مقررہ حق رکھتی ہے لیکن وہ اپنے خسر کے متروکہ سے بحیثیت اوس کے بہو ہونے کے مستحق توریث نہین ہو سکتی۔
۶	داماد	کسی شخص کو داماد ہونے کی حیثیت سے اپنے خسر اور خوشدامن کی جائداد سے کوی حصہ نہین مل سکتا۔

۷	خسر یا خوشدامن	کسی شخص کو خسر یا خوشدامن ہونے کی حیثیت سے اپنے داماد کے متروکہ مین کوئی حق توریث نہین ہی
۸	چچی	چچا کی زوجہ بھتیجے اور بھتیجی کی میراث سے کچھہ بھی نہین پا سکتی -
۹ —	مومانی	ماموں کی زوجہ کو بھانجے یا بھانجی کی میراث مین حق توریث نہین ہی -
۱۰ —	دیور	عورت متوفیہ کی جائداد سے اوس کے شوہر کا بھائی یا بہن یا اس بھائی بہن کی زوجہ یا شوہر کو کوئی حق توریث نہین پہونچ سکتا -
۱۱ —	جیٹھہ	
۱۲ —	دیورانی	
۱۳ —	جیٹھانی	
۱۴ —	نند	
۱۵ —	سالا	ان دونوں کو بہنوی کی جایداد سے کوئی حصہ نہین مل سکتا
۱۶ —	سالی	
۱۷ —	بہنوی	بہنوی کو بھی سالا یا سالی کی جایداد مین کوئی حق توریث نہین ہے -
۱۸ —	علاقی نانی	عموماً جدات کو حقیقی نواسہ - نواسی اور حقیقی پوتا - پوتی کی جایداد سے حصہ مل سکتا ہے لیکن غیر حقیقی کی جایداد سے کچھہ نہین مل سکتا -
۱۹ —	علاقی دادی	
۲۰ —	بھاوج	کسی شخص متوفیہ کا حق توریث اوس کے بھائی کے بیوہ کو نہین پہونچ سکتا -

دفعہ ۵ وہ موانعات ارث جن کی وجہ سے وارث اپنے مورث کی جایداد سے ہمیشہ کے لئے محروم ہو جاتا ہے اور وہ بمنزلہ معدوم کے تصور کیا جاتا ہے پانچ ہین -

الف - وارث کسی کا شرعی غلام یا لونڈی ہو اوس کو اوس کے مورث کی جایداد سے کوئی حصہ نہین مل سکتا -

ب - اگر وارث نے اپنے مورث کو قتل کر دیا ہو اور اوس کا وہ فعل قتل عمد یا قتل شبہ عمد یا قتل خطا کی تعریف مین داخل ہوتا ہو تو اوس وارث قاتل کو مورث مقتول کے ترکہ سے کچھہ حصہ نہ ملسکیگا

ج - اگر کسی مورث مسلم کا وارث کافر ہو یا خود مورث کفر کی حالت مین مرجاے تو وارث مذکور کو اوس کے مورث کی جایداد سے کوی حصہ نہ ملیگا -

د - اگر دو مختلف ممالک مین جن کے پادشاہ علیحدہ علیحدہ ہون اور اون دونون مین باہم عصمت منقطع ہو گئی ہو یعنی رابطہ اتحاد باقی نہ رہا ہو اور اون کے باہم جنگ ہو یا ایک دوسرے کے ساتھہ وہ جنگ کو حلال جانتے ہون کوئی شخص دشمن کے ملک مین اسلام قبول کرکے وہین مرجاے اور اوس کا مسلمان وارث دار الاسلام مین رہتا ہو یا وارث اور مورث دونون دشمن کے ملک مین اسلام لائے اور مورث وہین مرجاے اور وارث دار الاسلام مین آگیا ہو تو ان

صورتون مین وارث مسلم کا حق توریث ساقط ہوجائیگا

۵ - اگر وارث اور مورث کا امتیاز نہ ہوسکے تو بہی وارث کا حق توریث ساقط ہوجائے گا - مثلاً وارث اور مورث ایک ساتہہ جل جائین یا غرق ہوجائین یا کسی مکان مین دب جائین یا کسی معرکہ جنگ مین قتل ہوجائین -

ف۶ جب فقرہ چہارم اور پنجم کے مطابق اشخاص قابل اخراج کو خارج کردیا جاے تو بقیہ اشخاص کے اسماء اوس رشتہ قرابت کے ساتہہ جو مورث متوفی کے ساتہہ اونہین پہونچ سکتا ہو ایک کاغذ پر بہ ترتیب ذیل لکہے جائین -

۱ - بیٹا (ابن)
۲ - بیٹی (بنت)
۳ - بیٹیان (بنات)
۴ - پوتا (ابن الابن)
۵ - پوتی (بنت الابن)
۶ - پوتیان (بنات الابن)
۷ - پروتا (ابن ابن الابن)
۸ - پروتی (بنت ابن الابن)
۹ - پروتیان (بنات ابن الابن)
۱۰ - شوہر (زوج)
۱۱ - زوجہ یا زوجات
۱۲ - باپ (اب)
۱۳ - مان (ام)
۱۴ - نانی (جدہ صحیحہ یا ام الام)
۱۵ - دادی (جدہ صحیحہ یا ام الاب)
۱۶ - دادا (اب الاب)
۱۷ - سگا بہائی (اخ لاب وام)
۱۸ - سگے بہائی (اخوۃ لاب وام)
۱۹ - سگی بہن (اخت لاب وام)
۲۰ - سگی بہنین (اخوات لاب وام)
۲۱ - سوتیلا بہائی (اخ لاب)
۲۲ - سوتیلے بہائی (اخوۃ لاب)
۲۳ - سوتیلی بہن (اخت لاب)
۲۴ - سوتیلی بہنین (اخوات لاب)

۲۵ - اخیافی بہائی یا بہن (اخ لام یا اخت لام)	۳۳- معتق (آزاد کنندہ یعنے عصبہ سببیہ)
۲۶ - دو یا زیادہ اخیافی بہائی یا بہنین یا دو یا زیادہ اخیافی بہائی بہن (اولاد الام)	۳۴- عصبہ معتق (عصبہ سببیہ کا عصبہ نبفسہ)
۲۷ - سگا بہتیجا (ابن الاخ لاب و ام)	۳۵ - صنف اول ذوی الارحام
۲۸ - سوتیلا بہتیجا (ابن الاخ لاب)	۳۶ - صنف دوم ذوی الارحام
۲۹ - سگا چچا (عم لاب وام)	۳۷ - صنف سوم ذوی الارحام
۳۰ - سوتیلا چچا (عم لاب)	۳۸ - صنف چہارم ذوی الارحام
۳۱ - سگا چچیرا بہائی (ابن العم لاب وام)	۳۹- مولای موالات
۳۲ - سوتیلا چچیرا بہائی (ابن العم لاب)	۴۰- مقرلہ بالنسب علی الغیر
	۴۱- موصی لہ بجمیع مال
	۴۲- رد علی الزوجین

ف اگر مورث متوفی کے ساتہہ کسی شخص کا رشتہ قرابت رشتہ ہائے قرابت مندرجہ فقرہ چہارم و ششم دونون مین داخل ہوتا ہو تو اوس کو فقرہ ۴ کے رشتہ قرابت کے لحاظ سے توکوی حق توریث نہین پہونچ سکتا مگر فقرہ ۶ کے رشتہ قرابت کے وجہ سے وہ مستحق توریث ہوسکے گا ۔ مثلاً جو لڑکا تبنیت مین لیا گیا ہے وہ بہتیجا بہی ہوتا ہے تو وہ تبنیت کے تعلق سے تو زمرہ ورثہ سے خارج ہے مگر بہتیجا ہونے کی حیثیت سے عصبہ نبفسہ کی صنف سوم مین داخل اور اپنی نوبت پر وارث ہوگا ۔ اسی طرح سوتیلا بیٹا اگر عصبہ یا ذی رحم ہو تو اوس حیثیت موخر الذکر سے مستحق ہوگا یا یہہ کہ ایک شخص مورث متوفی کا سالا بہی ہے اور چچیرا بہائی بہی تو سالا ہونے کی حیثیت سی

وہ کبھی وارث نہین ہوسکتا مگر چچیرا بہائی ہونے کی حیثیت سے اپنی نوبت پر وارث ہوسکتا ہے - پس ایسی صورتون مین جو رشتہ داری توریث مین قابل لحاظ ہوسکتی ہے اوس کے مطابق اوس کا نام فہرست ورثہ مین لکہنا چاہیئے -

ف ۸ اگر کسی شخص کے قابل توریث رشتہ ہاے قرابت متعدد ہون تو اوس کا نام فہرست ورثہ مین ترتیباً بقید قرابت ہر ایک نمبر پر لکہہ دینا چاہیئے - مثلاً ایک شخص کسی عورت متوفی کا چچیرا بہائی ہو اور اوس کا شوہر بہی تو اوس کا نام فہرست مندرجہ فقرہ ۶ کے نمبر ۲۰ اور نمبر ۳۱ دونون جگہہ لکہا جائیگا -

ف ۹ فقرہ (۶) مین جن ورثہ کی تفصیل بتائی گئی ہے اون مین سے اکثر وارث دوسرے ایک قسم کے وارث یا ورثہ کے موجودگی مین یا مختلف قسم کے ورثہ کے اجتماع کی وجہ سے محروم ہوجاتے ہین اس لئے ہم فقرہ (۶) کے ہر ایک وارث کے حرمان کی حالات علیحدہ علیحدہ ذیل مین بتا دیتے ہین - تاکہ صورت سوال سے اون محجوب ورثہ کے اسماء کو خارج کرکے صورت مسئلہ معین کردی جاے اور اوس کے بعد فہرست تقسیم مین اوس مسئلہ کا حل تلاش کرلیا جاے -

۱- بیٹا (ابن)

میت کا بیٹا یا بیٹے کسی وارث یا ورثہ کی موجودگی مین محروم نہین ہوسکتے - وہ ہمیشہ ہر صورت مسئلہ مین کم یا زیادہ حصہ پاتے ہین -

۲- بیٹی (بنت)

۳- بیٹیان (بنات)

بیٹی اور بیٹیان بہی کسی اور وارث یا ورثہ کی موجودگی مین محروم

نہین ہوتی ہین ۔

۴۔ پوتا (ابن الابن)

اگرچہ پوتا صرف ابن کی موجودگی مین محروم ہوجاتا ہے لیکن چند مسائل مین مختلف ورثہ کے اجتماع کی وجہ سے ابن الابن کو کوی حصہ نہین پہونچ سکتا ۔ وہ مسائل یہہ ہین ۔

(۱)

باپ + زوج + بنت یا بنات + مان یا نانی

$\frac{1}{6}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{2}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{6}$

صورتہاے حسابی

$\frac{1}{6}+\frac{1}{2}+\frac{1}{4}+\frac{1}{6}=\frac{13}{12}$ عول

$\frac{1}{6}+\frac{2}{3}+\frac{1}{4}+\frac{1}{6}=\frac{15}{12}$ عول

(۲)

دادا + زوج + بنت یا بنات + مان یا نانی یا دادی

$\frac{1}{6}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{2}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{6}$

صورتہاے حسابی

$\frac{1}{6}+\frac{1}{2}+\frac{1}{4}+\frac{1}{6}=\frac{13}{12}$ عول

$\frac{1}{6}+\frac{2}{3}+\frac{1}{4}+\frac{1}{6}=\frac{15}{12}$ عول

(۳)

باپ + زوجہ + بنات + مان یا نانی

$\frac{1}{6}$ $\frac{1}{8}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{6}$ $=\frac{27}{24}$ عول

(۴)

دادا + زوجہ + بنات + مان یا نانی یا دادی

$\frac{1}{6}$ $\frac{1}{8}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{6}$ $=\frac{27}{24}$ عول

(۵)

باپ + بنات + مان یا نانی

$\frac{1}{6}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{6}$ $=\frac{6}{6}$

(۶)

دادا + بنات + ماں یا نانی یا دادی

$\frac{۱}{۶}$ $\frac{۲}{۳}$ $\frac{۱}{۶}$ = $\frac{۶}{۶}$

(۷)

زوج + بنات + ماں یا نانی یا دادی

$\frac{۱}{۴}$ $\frac{۲}{۳}$ $\frac{۱}{۶}$ = $\frac{۱۳}{۱۲}$ عول

(۸)

باپ یا دادا + بنات + زوج

$\frac{۱}{۶}$ $\frac{۲}{۳}$ $\frac{۱}{۴}$ = $\frac{۱۳}{۱۲}$ عول

۵ - پوتی (بنت الابن)

۶ - پوتیاں (بنات الابن)

ان دونوں ورثہ کے حرمان کے تین قاعدے ہیں ۔

اول - جب میت کا ابن موجود ہو تو پوتی یا پوتیاں بالعموم محروم ہوجاتی ہیں

دوم - جب میت کے دو یا زاید بنات موجود ہوں تو بھی پوتی یا پوتیاں محروم ہوجاتی ہیں لیکن اون کے استثناء کے حسب ذیل دو اصول ہیں جن میں باوجود بنات کی موجودگی کے پوتی یا پوتیاں حصہ پاتی ہیں - یعنی

الف - اگر میت کے ورثہ میں پوتا نمبر ۴ بھی موجود اور مستحق توریث ہو (یعنی اشخاص مندرجہ مسائل نمبر ۱ تا ۸ کی وجہ سے پوتا محروم نہ ہوتا ہو) تو باوجود بنات کی موجودگی کے پوتی

اور پوتیان حصہ پا سکتی ہین -

ب - اگر میت کے ورثہ مین پروتا نمبر ۷ بہی موجود اور مستحق توریث ہو (یعنی اشخاص مندرجہ مسائل نمبر ۱۱ تا ۲۴ کی وجہ سے پروتا محروم نہ ہوتا ہو) تو بنات کی موجودگی مین بھی پوتی اور پوتیان حصہ پا سکتی ہین -

سوم - خود میت کا پوتا نمبر ۴ پوتی اور پوتیون کو مندرجہ ذیل مسائل مین بالکلیہ محروم کر دیتا ہے اور خود بہی محروم ہو جاتا ہے -

(۹)

باپ	+ زوج	+ بنت	+	مان یا نانی	
$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{4}$	$\frac{1}{2}$		$\frac{1}{6}$	= $\frac{13}{12}$ عول

(۱۰)

دادا	+ زوج	+ بنت	+	مان یا نانی یا دادی	
$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{4}$	$\frac{1}{2}$		$\frac{1}{6}$	= $\frac{13}{12}$ عول

۷ - پروتا (ابن ابن الابن)

اگرچہ پروتا صرف ابن (نمبر ۱) اور ابن الابن (نمبر ۴) کی موجودگی مین محروم ہو جاتا ہے لیکن چند مسائل مین مختلف ورثہ کے اجتماع کی وجہ سے بہی پروتا کوی حصہ نہین پا سکتا وہ مسائل حسب ذیل ہین -

(۱۱)

ماں یا نانی	بنات یا بنات الابن	بنت یا بنت الابن	زوج	باپ
$\frac{1}{6}$	$\frac{2}{3}$	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{4}$	$\frac{1}{6}$

صورتہائے حسابی
$\frac{1}{6}+\frac{1}{4}+\frac{1}{2}+\frac{1}{6}=\frac{13}{12}$ عول
$\frac{1}{6}+\frac{2}{3}+\frac{1}{4}+\frac{1}{6}=\frac{15}{12}$ عول

(۱۲)

	ماں یا نانی	بیٹیاں یا پوتیاں	زوجہ	باپ
$=\frac{27}{24}$ عول	$\frac{1}{6}$	$\frac{2}{3}$	$\frac{1}{8}$	$\frac{1}{6}$

(۱۳)

	ماں یا نانی	بیٹیاں یا پوتیاں	باپ
$=\frac{6}{6}$	$\frac{1}{6}$	$\frac{2}{3}$	$\frac{1}{6}$

(۱۴)

	زوج	بیٹیاں یا پوتیاں	باپ یا دادا
$=\frac{13}{12}$ عول	$\frac{1}{4}$	$\frac{2}{3}$	$\frac{1}{6}$

(۱۵)

	بنت الابن	بنت	ماں یا نانی	باپ
$=\frac{6}{6}$	$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{6}$

(۱۶)

	زوج	بنت الابن	بنت	باپ یا دادا
$=\frac{13}{12}$ عول	$\frac{1}{4}$	$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{6}$

(۱۷)

	زوج	بنت الابن	بنت	ماں یا نانی	باپ یا دادا
$=\frac{15}{12}$ عول	$\frac{1}{4}$	$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{6}$

(۱۸)

دادا + زوج + بنت یا بنات یا بنت الابن یا بنات الابن + ماں یا نانی یا دادی

۱/۶ ۱/۴ ۱/۲ ۲/۳ ۱/۶

صورتہائے حسابی

۱/۶ + ۱/۴ + ۱/۲ + ۱/۶ = ۱۳/۱۲ عول

۱/۶ + ۱/۴ + ۲/۳ + ۱/۶ = ۱۵/۱۲ عول

(۱۹)

دادا + زوجہ + بیٹیاں یا پوتیاں + ماں یا نانی یا دادی

۱/۶ ۱/۸ ۲/۳ ۱/۶ = ۲۷/۲۴ عول

(۲۰)

دادا + بیٹیاں یا پوتیاں + ماں یا نانی یا دادی

۱/۶ ۲/۳ ۱/۶ = ۶/۶

(۲۱)

دادا + ماں یا نانی یا دادی + بیٹی + پوتی

۱/۶ ۱/۶ ۱/۲ ۱/۶ = ۶/۶

(۲۲)

دادا + دادی + بیٹی + پوتی + زوج

۱/۶ ۱/۶ ۱/۲ ۱/۶ ۱/۴ = ۱۵/۱۲ عول

(۲۳)

زوج + بیٹیاں یا پوتیاں + ماں یا نانی یا دادی

۱/۴ ۲/۳ ۱/۶ = ۱۳/۱۲ عول

(۲۴)

زوج + بیٹی + پوتی + ماں یا نانی یا دادی

۱/۴ ۱/۲ ۱/۶ ۱/۶ = ۱۳/۱۲ عول

۸ - پروتی (بنت ابن الابن)

۹ - پروتیان (بنات ابن الابن)

ان دونون ورثہ کے حرمان کے تین قاعدے ہین -

اول - جب میت کا بیٹا یا پوتا موجود ہو تو میت کی پروتی یا پروتیان قطعًا حصہ نہین پا سکتین -

دوم - جب میت کے دو یا زیادہ بنات موجود ہون یا بنت مع بنت الابن کے موجود ہو تو بہی پروتی اور پروتیان محروم رہین گی - بجز اوس صورت کے کہ میت کا پروتا جو اوس صورت مسئلہ مین مستحق ارث ہو پوتی یا پوتیون کے ساتہہ موجود ہو - یعنی ایسا پروتا موجود نہ ہو جو خود محروم ہوتا ہو (دیکہو کیفیت وارث نمبر ۷)

سوم - خود میت کا پروتا نمبر ۷ پروتی اور پروتیون کو مندرجہ ذیل مسائل مین بالکلیہ محروم کر دیتا ہے اور خود بہی محروم ہو جاتا ہے -

(۲۵)

باپ	+ زوج	+ بنت یا بنت الابن	+ مان یا نانی	
$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{4}$	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{6}$	= $\frac{13}{12}$ عول

(۲۶)

دادا	+ زوج	+ بنت یا بنت الابن	+ مان یا نانی یا دادی	
$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{4}$	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{6}$	= $\frac{13}{12}$ عول

۱۰ - شوہر (زوج)

۱۱ - زوجہ یا زوجات (بیوی یا بیویان)

۱۲ - باپ (اب)

۱۳ - مان (ام)

یہہ چارون ورثہ کسی صورت مین بالکلیہ محجوب الارث نہین ہوسکتے

۱۴ - نانی (ام الام)

میت کی مان موجود ہو تو نانی محروم ہوجاتی ہے اور نیز نزدیک کی نانی دور کی نانی کو محروم کردیتی ہے ۔

۱۵ - دادی (ام الاب)

میت کے باپ یا ان کی موجودگی مین دادی کو کچہہ حصہ نہین مل سکتا ۔ علاوہ اس کے دور کی دادی ۔ نزدیک کی دادی کی موجودگی مین محروم ہوجاتی ہے ۔ اور جد صحیح کے اوپر کی دادیان بہی جد صحیح کی موجودگی مین محروم ہوتی ہین ۔

۱۶ - دادا (اب الاب)

صرف باپ کی موجوگی مین محروم ہوجاتا ہے ۔

۱۷ - سگا بہائی (اخ لاب و ام)

۱۸ - سگے بہائی (اخوۃ لاب و ام)

یہہ وارث بیٹا (نمبر۱) یا پوتا (نمبر۴) یا پروتا (نمبر۷) یا باپ (نمبر۱۲)

یا دادا (نمبر ۱۶) کی موجودگی مین بالکل محروم ہوجاتا ہے - علاوہ اس کے چند ورثہ کے اجتماعی اثر سے بہی اس وارث کا حرمان لازم آجاتا ہے حرمان کی وہ صورتین حسب ذیل ہین -

(۲۷)

بنت + پوتی یا پوتیان یا پروتی یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

۱/۲ ۱/۶ ۱/۴ ۱/۶ = ۱۳/۱۲ عول

(۲۸)

پوتی + پروتی یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

۱/۲ ۱/۶ ۱/۴ ۱/۶ = ۱۳/۱۲ عول

(۲۹)

بیٹیان یا پوتیان یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

۲/۳ ۱/۴ ۱/۶ = ۱۳/۱۲ عول

(۳۰)

شوہر + مان یا نانی یا دادی + اخیافیان

۱/۲ ۱/۶ ۱/۳ = ۶/۶

۱۹- سگی بہن (اخت لاب وام)

۲۰- سگی بہنین (اخوات لاب وام)

ان دونون ورثہ کے حرمان کے تین قاعدے ہین -

اول - میت کا بیٹا (نمبر ۱) یا پوتا (نمبر ۴) یا پروتا (نمبر ۷)

یا باپ (نمبر ۱۲) یا دادا (نمبر ۱۶) موجود ہو تو میت کی
سگی بہن یا بہنین محروم ہوجاتی ہین ۔

دوم ۔ علاوہ ورثہ مندرجہ ضمن بالا کے بعض دوسرے ورثہ کی
اجتماع کی وجہ سے بہی میت کی سگی بہن یا سگی بہنین
محروم ہوجاتی ہین وہ مسائل یہہ ہین ۔

---

(۳۱)

بنت + پوتی یا پوتیان یا پروتی یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{6}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{6}$ = $\frac{13}{12}$ عول

---

(۳۲)

پوتی + پروتی یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{6}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{6}$ = $\frac{13}{12}$ عول

---

(۳۳)

بٹیان یا پوتیان یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

$\frac{2}{3}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{6}$ = $\frac{13}{12}$ عول

سوم ۔ خود میت کا سگا بہائی مندرجہ ذیل مسائل مین سگی بہن
یا سگی بہنون کو محروم کر دیتا ہے اور خود بہی
محروم ہوجاتا ہے

---

(۳۴)

شوہر + مان یا نانی یا دادی + اخیافیان

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{6}$ $\frac{1}{3}$ = $\frac{6}{6}$

۲۱- سوتیلا بہائی (اخ لاب)

۲۲- سوتیلے بہائی (اخوۃ لاب)

ان دونون ورثہ کے حرمان کے تین قاعدے ہین -

اول - میت کا بیٹا اور پوتا اور پروتا اور باپ اور دادا اور سگا بہائی اور سگے بہائی مین سے کوی ایک موجود ہو تو دونون ورثہ مذکور الصدر محروم ہوتے ہین -

دوم - میت کی بنت یا بنات یا بنت الابن یا بنات الابن مین سے کسی ایک کے ساتہہ میت کی سگی بہن یا سگی بہنین موجود ہون تو میت کا سوتیلا بہائی بالکل محروم ہوجاتا ہے -

سوم - علاوہ اس کے بعض دوسرے ورثہ کے اجتماع کی وجہ سے بہی یہہ دونون وارث محروم ہوجاتے ہین وہ مسائل یہہ ہین -

(۳۵)

بنت + پوتی یا پوتیان یا پروتی یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

$\frac{۱}{۲}$ $\frac{۱}{۶}$ $\frac{۱}{۴}$ $\frac{۱}{۶}$ = $\frac{۱۳}{۱۲}$ عول

(۳۶)

پوتی + پروتی یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

$\frac{۱}{۲}$ $\frac{۱}{۶}$ $\frac{۱}{۴}$ $\frac{۱}{۶}$ = $\frac{۱۳}{۱۲}$ عول

(۳۷)

بیٹیان یا پوتیان یا پروتیان + شوہر + مان یا نانی یا دادی

$\frac{۲}{۳}$ $\frac{۱}{۴}$ $\frac{۱}{۶}$ = $\frac{۱۳}{۱۲}$ عول

(۳۸)

شوہر + نانی یا دادی + سگی بہن

۱/۲ ۱/۶ ۱/۲ = ۷/۶ عول

(۳۹)

شوہر + ماں + سگی بہن

۱/۲ ۱/۳ ۱/۲ = ۸/۶ عول

اگر اس مسئلہ مین وارث نمبر ۲۱ یا ۲۲ موجود ہون تو ماں کا حصہ ۱/۶ ہوجائیگا اور نمبر ۲۱ یا ۲۲ کے لئے کچھہ باقی نہ رہے گا۔

(۴۰)

شوہر + ماں یا نانی یا دادی + سگی بہنین

۱/۲ ۱/۶ ۲/۳ = ۸/۶ عول

(۴۱)

شوہر + ماں یا نانی یا دادی + اخیافیاں

۱/۲ ۱/۶ ۱/۳ = ۶/۶

(۴۲)

زوجہ + ماں یا نانی یا دادی + سگی بہنین

۱/۴ ۱/۶ ۲/۳ = ۱۳/۱۲ عول

(۴۳)

اخیافیاں + سگی بہن + ماں یا نانی یا دادی

۱/۳ ۱/۲ ۱/۶ = ۶/۶

(۴۴)

اخیافی + سگی بہنین + ماں یا نانی یا دادی

۱/۶ ۲/۳ ۱/۶ = ۶/۶

(۴۵)

اخیافیان + سگی بہنین

$\frac{1}{3}$ $\frac{2}{3}$ = $\frac{3}{3}$

(۴۶)

شوہر + سگی بہن یا سگی بہنین

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{2}$ $\frac{2}{3}$

صورتہائے حسابی { $\frac{1}{2}$ + $\frac{1}{2}$ = $\frac{2}{2}$
$\frac{1}{2}$ + $\frac{2}{3}$ = $\frac{7}{6}$ عول

۲۳ - سوتیلی بہن (اخت لاب)

۲۴ سوتیلی بہنین (اخوات لاب)

یہہ دونون وارث مندرجہ ذیل صورتون مین محروم ہوتی ہین -

اول جب کہ میت کے ورثہ مین بیٹا یا پوتا یا پروتا یا باپ یا دادا یا سگا بہائی یا سگے بہائی موجود ہون -

دوم جب کہ میت کے ورثہ مین اوس کی دو سگی بہنین موجود ہون

سوم جب کہ میت کی ایک سگی بہن کے ساتہہ میت کی بنت یا بنات یا بنت الابن یا بنات الابن مین سے کوی ایک موجود ہو -

چہارم جب کہ میت کے ورثہ مین حسب ذیل اشخاص مجتمع ہون -

(۴۷)

بنت + پوتی یا پوتیان یا پروتی یا پروتیان + شوہر + ماں یا نانی یا دادی

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{6}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{6}$ = $\frac{13}{12}$ عول

(۴۸)

پوتی + پروتی یا پروتیان + شوہر + مان یانانی یا دادی

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{6}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{6}$ = $\frac{13}{12}$ عول

(۴۹)

بٹیان یا پوتیان یا پروتیان + شوہر + مان یانانی یا دادی

$\frac{2}{3}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{6}$ = $\frac{13}{12}$ عول

پنجم جب کہ خود میت کا سوتیلا بھائی مندرجہ ذیل مسائل مین میت کے سوتیلی بہن یا سوتیلی بہنون کو محجوب اور محروم کر دے اور خود بھی محروم ہوجائے۔

(۵۰)

شوہر + نانی یا دادی + سگی بہن

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{6}$ $\frac{1}{2}$ = $\frac{7}{6}$ عول

(۵۱)

شوہر + مان + سگی بہن

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{3}$ $\frac{1}{2}$ = $\frac{8}{6}$ عول

اگر اس مسئلہ مین وارث نمبر ۱۲ یا ۲۲ کے ساتھہ نمبر ۲۳ یا ۲۴ موجود ہون تو مان کا حصہ $\frac{1}{3}$ سے $\frac{1}{6}$ ہوجائیگا اور نمبر ۲۱ لغایتہ ۲۴ کے لئے کچھہ بھی باقی نہ رہے گا۔

(۵۲)

شوہر + مان یا نانی یا دادی + اخیافیان

$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{6}$ $\frac{1}{3}$ = $\frac{6}{6}$

(۵۳)

اخیافیان + سگی بہن + مان یانانی یا دادی

$\frac{1}{3}$ $\frac{1}{2}$ $\frac{1}{6}$ = $\frac{6}{6}$

۲۵ - اخیافی (ولد الام)

۲۶ - اخیافیان (اولاد الام)

جب میت کا بیٹا یا بیٹی یا پوتا یا پوتی (جہان تک نیچے درجہ کے ہون) یا باپ یا دادا (جہان تک اوپر کے درجہ کے ہون) مین سے کوی ایک موجود ہو تو اخیافی محروم ہو جاتے ہین -

وارث نمبر ۲۷ - (سگا بہتیجا)

اس کے محروم ہونے کے دو اصول ہین -

(الف) وارث نمبر ۱ (بیٹا) اور نمبر ۴ (پوتا) و نمبر ۷ (پروتا) و نمبر ۱۲ (باپ) و نمبر ۱۹ (دادا) و نمبر ۱۷ (سگا بھائی) و نمبر ۱۸ (سگے بھائی) و نمبر ۲۱ (سوتیلا بھائی) و نمبر ۲۲ (سوتیلے بھائی) مین سے ہر ایک کی موجودگی مین سگا بہتیجا محروم رہتا ہے -

(ب) بعض ورثہ کے اثر مجموعی کی وجہ سے بہی اس وارث کا حرمان لازم آتا ہے - اوس اثر مجموعی کی صورتین حسب ذیل ہین - اگرچہ بظاہر اون مسائل کی تعداد ۲۲ ہے مگر حقیقت مین صورتہای حسابی کے رو سے اون کی تعداد ۴۳ ہوتی ہے اور اختلاف اشخاص کے اعتبار سے اون کی تعداد اوس سے بہی زیادہ ہے -

(۱)

اخیافی یا اخیافیان + شوہر + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ

$\frac{۲}{۳}$ $\frac{۱}{۲}$ $\frac{۱}{۲}$ $\frac{۱}{۳}$ $\frac{۱}{۶}$

صورتہائے حسابی

$\frac{۷}{۶} = \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۶}$ عول

$\frac{۸}{۶} = \frac{۲}{۳} + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۶}$ ″

$\frac{۸}{۶} = \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳}$ ″

$\frac{۹}{۶} = \frac{۲}{۳} + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳}$ ″

(۲)

اخیافی + شوہر + ماں

$\frac{۶}{۶} = \frac{۱}{۳}$ $\frac{۱}{۲}$ $\frac{۱}{۶}$

(۳)

اخیافیان + شوہر + ماں یا جدہ صحیحہ

$\frac{۶}{۶} =$ $\frac{۱}{۶}$ $\frac{۱}{۲}$ $\frac{۱}{۳}$

(۴)

اخیافی یا اخیافیان + اخت عینیہ + اخت یا اخوات علاتیہ + ام یا جدہ صحیحہ

$\frac{۱}{۶}$ $\frac{۱}{۶}$ $\frac{۱}{۲}$ $\frac{۱}{۳}$ $\frac{۱}{۶}$

صورتہائے حسابی

$\frac{۶}{۶} = \frac{۱}{۶} + \frac{۱}{۶} + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۶}$

$\frac{۷}{۶} = \frac{۱}{۶} + \frac{۱}{۶} + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳}$ عول

(۵)

اخیافی یا اخیافیان + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ + ام یا جدہ صحیحہ + زوجہ

$\frac{1}{6}$ $\frac{1}{3}$ $\frac{1}{2}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{6}$ $\frac{1}{4}$

صورت ہائے حسابی

$\frac{1}{6}+\frac{1}{2}+\frac{1}{6}+\frac{1}{4}=\frac{13}{12}$ عول

$\frac{1}{6}+\frac{2}{3}+\frac{1}{6}+\frac{1}{4}=\frac{15}{12}$ ″

$\frac{1}{3}+\frac{1}{2}+\frac{1}{6}+\frac{1}{4}=\frac{15}{12}$ ″

$\frac{1}{3}+\frac{2}{3}+\frac{1}{6}+\frac{1}{4}=\frac{17}{12}$ ″

---

(۶)

اخیافی یا اخیافیان + اخوات عینیہ + ام یا جدہ صحیحہ

$\frac{1}{6}$ $\frac{1}{3}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{6}$

صور تہائے حسابی

$\frac{1}{6}+\frac{2}{3}+\frac{1}{6}=\frac{6}{6}$

$\frac{1}{3}+\frac{2}{3}+\frac{1}{6}=\frac{7}{6}$ عول

---

(۷)

اخیافی یا اخیافیان + اخوات عینیہ یا علاتیہ + زوجہ

$\frac{1}{6}$ $\frac{1}{3}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{4}$

صور تہائے حسابی

$\frac{1}{6}+\frac{2}{3}+\frac{1}{4}=\frac{13}{12}$ عول

$\frac{1}{3}+\frac{2}{3}+\frac{1}{4}=\frac{15}{12}$ عول

---

(۸)

اخیافی یا اخیافیان + اخوات علاتیہ + ام یا جدہ صحیحہ

$\frac{1}{6}$ $\frac{1}{3}$ $\frac{2}{3}$ $\frac{1}{6}$

صور تہائے حسابی

$\frac{1}{6}+\frac{2}{3}+\frac{1}{6}=\frac{6}{6}$

$\frac{1}{3}+\frac{2}{3}+\frac{1}{6}=\frac{7}{6}$ عول

(۹)

اخیافیان + اخوات عینیہ یا علاتیہ

$\frac{1}{3} \quad \frac{2}{3} = \frac{3}{3}$

(۱۰)

اخیافیان + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ + ام یا جدہ صحیحہ

$\frac{1}{3} \quad \frac{1}{2} \quad \frac{2}{3} \quad \frac{1}{6}$

صورتہائے حسابی

$\frac{1}{3} + \frac{1}{2} + \frac{1}{6} = \frac{6}{6}$

$\frac{1}{3} + \frac{2}{3} + \frac{1}{6} = \frac{7}{6}$ عول

(۱۱)

اخیافیان + اخت عینیہ یا علاتیہ + زوجہ

$\frac{1}{3} \quad \frac{1}{2} \quad \frac{1}{4} = \frac{13}{12}$ عول

(۱۲)

شوہر + بنت + بنت الابن یا بنات الابن + ام یا جدہ صحیحہ

$\frac{1}{4} \quad \frac{1}{2} \quad \frac{1}{6} \quad \frac{1}{6} = \frac{13}{12}$ عول

(۱۳)

شوہر + بنات یا بنات الابن + ام یا جدہ صحیحہ

$\frac{1}{4} \quad \frac{2}{3} \quad \frac{1}{6} = \frac{13}{12}$ عول

(۱۴)

شوہر + بنت یا بنت الابن + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ

$\frac{1}{4} \quad \frac{1}{2}$ باقی ($\frac{1}{4}$) $= \frac{4}{4}$

(۱۵)

شوہر + بنات یا بنات الابن + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ

$\frac{1}{4} \quad \frac{2}{3}$ باقی ($\frac{1}{6}$) $= \frac{13}{12}$ عول

(۱۶)

شوہر + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ

$\frac{1}{2}$ — $\frac{1}{2}$ — $\frac{2}{3}$

صورتہائے حسابی

$\frac{1}{2} + \frac{1}{2} = \frac{2}{2}$

$\frac{1}{2} + \frac{2}{3} = \frac{7}{6}$ عول

(۱۷)

بنت + بنت الابن + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ + زوجہ

$\frac{1}{2}$ — $\frac{1}{6}$ — باقی ($\frac{5}{24}$) — $\frac{1}{8} = \frac{24}{24}$

(۱۸)

بنت + بنت الابن + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ + ام یا جدہ صحیحہ

$\frac{1}{2}$ — $\frac{1}{6}$ — باقی ($\frac{1}{6}$) — $\frac{1}{6} = \frac{6}{6}$

(۱۹)

بنات یا بنات الابن + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ + زوجہ

$\frac{2}{3}$ — باقی ($\frac{5}{24}$) — $\frac{1}{8} = \frac{24}{24}$

(۲۰)

بنات یا بنات الابن + اخت یا اخوات عینیہ یا علاتیہ + ام یا جدہ صحیحہ

$\frac{2}{3}$ — باقی ($\frac{1}{6}$) — $\frac{1}{6} = \frac{6}{6}$

(۲۱)

اخت عینیہ + اخت علاتیہ + ام یا جدہ صحیحہ + زوجہ

$\frac{1}{2}$ — $\frac{1}{6}$ — $\frac{1}{6}$ — $\frac{1}{4} = \frac{13}{12}$ عول

(۲۲)

اخوات عینیہ یا علاتیہ + ام یا جدہ صحیحہ + زوجہ

$\frac{2}{3}$ — $\frac{1}{6}$ — $\frac{1}{4} = \frac{13}{12}$ عول

وارث نمبر ۲۸ (سوتیلا بھتیجا)

اس کے محروم ہونے کے دو قاعدے ہین۔
(الف) وارث نمبر ۲۷ (سگا بھتیجا) جن صورتون مین محروم ہوتا ہے
ان تمام صورتون مین سوتیلا بھتیجا بھی محروم ہوتا ہے او
(ب) سگا بھتیجا موجود ہو تو سوتیلا بھتیجا محروم ہوجائیگا۔

وارث نمبر ۲۹ (سگا چچا)

اس کے محروم ہونے کی دو حالتین ہین۔
(الف) وارث نمبر ۲۸ (سوتیلا بھتیجا) جن صورتون مین محروم
ہوتا ہے ان تمام صورتون مین سگا چچا بھی محروم
ہوتا ہے۔ اور
(ب) سوتیلا بھتیجا موجود ہو تو سگا چچا بھی محروم ہوگا۔

وارث نمبر ۳۰ (سوتیلا چچا)

ان تمام صورتونمین جن مین سگا چچا محروم ہوتا ہے سوتیلا چچا بھی محروم ہوگا اور نیز اوس صورت مین بھی محروم ہوگا جب کہ سگا چچا موجود ہو

وارث نمبر ۳۱ (سگا چچیرا بھائی)

وارث نمبر ۳۰ جن صورتون مین محروم ہوتا ہے ان مین اور نیز وارث نمبر ۳۰ کی موجودگی مین سگا چچیرا بھائی محروم ہوگا۔

وارث نمبر ۳۲ (سوتیلا چچیرا بہائی)

وارث نمبر ۳۱ جن صورتون مین محروم ہوگا اونہین صورتون مین سوتیلا چچیرا بہائی بہی محروم ہوگا اور نیز وارث نمبر ۳۱ کی موجودگی مین بہی اوس کو کوی حق نہین پہونچ سکتا۔

وارث نمبر ۳۳ (معتق)

اس کی محرومی وارث نمبر ۳۲ کے مطابق ہے علاوہ اس کے وارث نمبر ۳۲ کی موجودگی مین بہی اس کو کوی حصہ نہین پہونچ سکتا۔

نمبر ۳۴ (عصبہ سببیہ کا عصبہ بنفسہ)

وارث نمبر ۳۳ کی موجودگی مین اور نیز اون تمام صورتون مین جسمین وارث نمبر ۳۳ محروم ہوتا ہے وارث نمبر ۳۴ بہی محروم ہوگا۔

نمبر ۳۵ لغایتہ ۳۸ (ذوی الارحام)

نمبر ۳۹ مولای موالات

نمبر ۴۰ مقر لہ بالنسب علی الغیر

نمبر ۴۱ موصیٰ لہ بجمیع مال

نمبر ۴۲ رد علی احد الزوجین

ان ورثہ کے حق توریث کے اصول حسب ذیل ہین۔

(الف) باستثناء ورثہ نمبر ۱۰ و ۱۱ دوسرے تمام ورثہ ذوی الفروض وعصبات موجود نہ ہون تو ورثہ نمبر ۳۵ لغایتہ ۴۱ کو ترتیباً

حق توریث پہونچے گا۔ یعنی نمبر مقدم کی موجودگی مین
نمبر مابعد محجوب ہون گے۔

(ب) اگر وارث نمبر ۱۰ و ۱۱ مین سے کوی موجود ہو اور ۳۴
تک کے ورثہ مین سے کوی موجود نہ ہو تو نمبر ۱۰ یا ۱۱
کا حصہ فرض (یعنی $\frac{1}{2}$ یا $\frac{1}{4}$) دینے کے بعد جو کچہہ
باقی رہے وہ نمبر ۳۵ لغایتہ ۱۴ مین سے جو مقدم
ہو اوس کو دیا جائیگا۔ اور تمام ورثہ مابعد محروم
ہوجائین گے۔

(ج) اگر ورثہ نمبر ۳۵ لغایتہ ۱۴ مین سے بہی کوی موجود نہ ہو
اور صرف نمبر ۱۰ یا ۱۱ ہی موجود ہو تو اون کا حصہ فرض
دیدینے کے بعد جو کچہہ باقی رہے وہ اونہین پر رد
کردیا جائیگا۔

فٹ ہدایات مندرجہ فقرات ۲ لغایتہ ۹ کے مطابق قابل اخراج اشخاص
کے اسماء خارج کردینے کے بعد وہی اشخاص باقی رہ جائین گے
جو مستحق توریث ہون۔ پس ان ورثہ کو اوس ترتیب سے لکہنا چاہئے
جیسا کہ فقرہ (۶) مین ورثہ کی ترتیب بتائی گئی ہے۔ بہرحال ترتیب فہرست
کے بعد جو وارث سب سے مقدم ہو اوس کے رشتہ قرابت کی
ردیف مین صورت مسئلہ کا حل مل جائیگا۔

فلا اس فہرست تقسیم مین مسائل جس عنوان سے درج کئے گئے ہین
اوس کی اجمالی فہرست حسب ذیل ہے۔

اون کے مسائل۔ ایک قسم کے وارث یا ورثہ کے ساتہہ	از نمبر ۱ تا ۴	
" دو قسم کے ورثہ کے ساتہہ	" ۵ تا ۱۴	
" تین قسم کے ورثہ کے ساتہہ	" ۱۵ تا ۲۵	

سگی بہنون کے مسائل - ایک وارث کے ساتھہ ازنمبر ۴۶۵ تا ۴۶۹
" دوقسم کے ورثہ کے ساتھہ ازنمبر ۴۷۰ تا ۴۷۲
" تین قسم کے ورثہ کے ساتھہ نمبر ۴۷۳

سوتیلے بہائی کے مسائل - ایک وارث کے ساتھہ ازنمبر ۴۷۴ تا ۴۷۶
" دوقسم کے ورثہ کے ساتھہ ازنمبر ۴۷۷ تا ۴۷۸

سوتیلی بہن کے مسائل - ایک قسم کے وارث کے ساتھہ ازنمبر ۴۷۹ تا ۴۸۱
" دوقسم کے ورثہ کے ساتھہ ازنمبر ۴۸۲ تا ۴۸۳

سوتیلی بہنون کے مسائل - ایک قسم کے وارث کے ساتھہ ازنمبر ۴۸۴ تا ۴۸۶
" دوقسم کے ورثہ کے ساتھہ نمبر ۴۸۷

اخیافی کے مسائل - ازنمبر ۴۸۸ تا ۴۸۹



بیٹے یا بیٹون کے مسائل

ایک وارث کے ساتھہ

نشان سلسلہ مسائل	نام ورثہ	سہام مصحح	کسور محصلہ	آنہ واری
۱	بیٹا	۲	۲/۳	۱۰/۸/۳
۱	بیٹی	۱	۱/۳	۵/۴/۳
	جملہ متروکہ مفروضہ	۳	۱	عص
	تشریح - اگر پسر یا دختر یا دونون ایک سے زاید ہون تو بھی اوس مین سے ہر ایک دختر کو ہر ایک پسر کے حصہ کا نصف ملیگا -			
۲	بیٹا یا بیٹے	۳	۳/۴	۱۲/
۱	شوہر	۱	۱/۴	۴/
	جملہ متروکہ مفروضہ	۴	۱	عص
	تشریح - اگر اس صورت مسئلہ مین ایک سے زاید بیٹے ہون تو اون سب کو اوسی قدر حصہ ملے گا جو ایک پسر کو ملا ہوتا کہ سب بیٹے اوس کو آپس مین بانٹ لین -			
۳	بیٹا یا بیٹے	۷	۷/۸	۱۴/
۱	زوجہ یا زوجات	۱	۱/۸	۲/
	جملہ متروکہ مفروضہ	۸	۱	عص

تشریح اول - اگر بجاے ایک پسر کے کئی پسر ہون تو حصہ کی مقدار وہی قایم رہیگی جس کو سب بیٹے برابر تقسیم کرینگے -

تشریح دوم - ایک زوجہ کو جو حصہ ملتا ہے وہ سب زوجات مین مساوی طور پر تقسیم کیا جائیگا -

۴	بٹیا یا بیٹے	۵	$\frac{۵}{۶}$	۱۳/۴
۱	باپ یا مان یا نانی یا دادی یا دادا	۱	$\frac{۱}{۶}$	۲/۸
	جملہ متروکہ	۶	۱	عہ

تشریح - اگر کئی بیٹے ہون تو بہی وہ حصہ جو ایک بیٹے کے لئے ملتا ہے وہ سب بیٹون مین برابر تقسیم کر دیا جائیگا -

بیٹے یا بیٹون کے مسایل

دو وارث کے ساتھہ

۵	بیٹا	۱۴	$\frac{۷}{۸}$ کا $\frac{۲}{۳}$ = $\frac{۷}{۱۲}$	۹/۴
۱	بیٹی	۷	$\frac{۷}{۸}$ کا $\frac{۱}{۳}$ = $\frac{۷}{۲۴}$	۴/۸
۲	زوجہ یا زوجات	۳	$\frac{۱}{۸}$	۲/
	جملہ متروکہ	۲۴	۱	عہ
۶	بیٹا	۱۰	$\frac{۵}{۶}$ کا $\frac{۲}{۳}$ = $\frac{۵}{۹}$	۸/۱۰ $\frac{۲}{۳}$
۱	بیٹی	۵	$\frac{۵}{۶}$ کا $\frac{۱}{۳}$ = $\frac{۵}{۱۸}$	۴/۵ $\frac{۱}{۳}$
۲	باپ یا مان یا نانی یا دادی یا دادا	۳	$\frac{۱}{۶}$	۲/۸
	جملہ متروکہ	۱۸	۱	عہ

۷ ۱	بیٹا یا بیٹے اور بیٹی یا بیٹیاں	۷	۷/۸	۱۴/
۲	زوجہ یا زوجات	۱	۱/۸	۲/
	جملہ متروکہ	۸	۱	عص
۸ ۱	بیٹا یا بیٹے اور بیٹی یا بیٹیاں	۵	۵/۶	۱۳/۴ سر
۲	باپ یا ماں یا نانی یا دادی یا دادا	۱	۱/۶	۲/۸ سر
	جملہ متروکہ	۶	۱	عص

تشریح - جب بیٹا بیٹی متعدد ہون تو قاعدہ للذکر ضعف الانثی کے مطابق اون مین حصہ مشترکہ کی تقسیم ہوگی -

۹	بیٹا یا بیٹے	۷	۷/۱۲	۹/۴ سر
۱	زوج	۳	۱/۴	۴/
۲	باپ یا ماں یا نانی یا دادی یا دادا	۲	۱/۶	۲/۸ سر
	جملہ متروکہ	۱۲	۱	عص
۱۰	بیٹا یا بیٹے	۱۷	۱۷/۲۴	۱۱/۴ سر
۱	زوجہ یا زوجات	۳	۱/۸	۲/
۲	باپ یا ماں یا نانی یا دادی یا دادا	۴	۱/۶	۲/۸ سر
	جملہ متروکہ	۲۴	۱	عص
۱۱	بیٹا یا بیٹے	۴	۲/۳	۱۰/۸ سر
۱	باپ یا دادا	۱	۱/۶	۲/۸ سر
۲	ماں یا نانی	۱	۱/۶	۲/۸ سر
	جملہ متروکہ	۶	۱	عص

۱۲	بیٹا یا بیٹے	۵	۵/۶	۴/۱۳
۱	نانی اور	۱	۱/۶	۸/۲
۲	دادی			
	جملہ متروکہ	۶	۱	عص

تشریح - نانی اور دادی اپنے حصہ مشترکہ سے نصف نصف باہم تقسیم کرلین گے ۔

۱۳	بیٹا یا بیٹے	۴	۲/۳	۸/۱۰
۱	نانی	۱	۱/۶	۸/۲
۲	دادا	۱	۱/۶	۸/۲
	جملہ متروکہ	۶	۱	عص
۱۴	بیٹا یا بیٹے	۴	۲/۳	۸/۱۰
۱	دادی	۱	۱/۶	۸/۲
۲	دادا	۱	۱/۶	۸/۲
	جملہ متروکہ	۶	۱	عص

بیٹے یا بیٹون کے مسایل

تین وارث کے ساتھہ

۱۵	بیٹا یا بیٹے اور	۷	۷/۱۲	۴/۹
۱	بیٹی یا بیٹیان			
۲	شوہر	۳	۱/۴	/۴
	باپ یا ماں یا نانی یا دادی یا دادا	۲	۱/۶	۸/۲
	جملہ متروکہ	۱۲	۱	عص

۱۶ ۱	بیٹا یا بیٹے اور بیٹی یا بیٹیاں	۱۷	۱۷/۲۴	۱۱/۴ س
۲	زوجہ یا زوجات	۳	۱/۸	۲/
۳	باپ یا ماں یا نانی یا دادی یا دادا	۴	۱/۶	۲/۸ س
	جملہ متروکہ	۲۴	۱	عہ
۱۷ ۱	بیٹا یا بیٹے اور بیٹی یا بیٹیاں	۴	۲/۳	۱۰/۸ س
۲	باپ یا دادا	۱	۱/۶	۲/۸ س
۳	ماں یا نانی	۱	۱/۶	۲/۸ س
	جملہ متروکہ	۶	۱	عہ
۱۸ ۱	بیٹا یا بیٹے اور بیٹی یا بیٹیاں	۵	۵/۶	۱۳/۴ س
۲ ۳	نانی اور دادی	۱	۱/۶	۲/۸ س
	جملہ متروکہ	۶	۱	عہ
۱۹ ۱	بیٹا یا بیٹے اور بیٹی یا بیٹیاں	۴	۲/۳	۱۰/۸ س
۲	دادی	۱	۱/۶	۲/۸ س
۳	دادا	۱	۱/۶	۲/۸ س
	جملہ متروکہ	۶	۱	عہ
۲۰	بیٹا یا بیٹے	۵	۵/۱۲	۶/۸ س
۱	زوج	۳	۱/۴	۴/
۲	باپ یا دادا	۲	۱/۶	۲/۸ س

٣	ماں یا نانی	٢	$\frac{1}{6}$	٣/٨/٢
	جملہ متروکہ	١٢	١	عص
٢١	بیٹا یا بیٹے	٧	$\frac{7}{12}$	٣/٤/٩
١	زوج	٣	$\frac{1}{4}$	/٤
٢	نانی اور			
٣	دادی	٢	$\frac{1}{6}$	٣/٨/٢
	جملہ متروکہ	١٢	١	عص
٢٢	بیٹا یا بیٹے	٥	$\frac{5}{12}$	٣/٨/٦
١	زوج	٣	$\frac{1}{4}$	/٤
٢	نانی یا دادی یا نانی اور دادی	٢	$\frac{1}{6}$	٣/٨/٢
٣	دادا	٢	$\frac{1}{6}$	٣/٨/٢
	جملہ متروکہ	١٢	١	عص
٢٣	بیٹا یا بیٹے	١٣	$\frac{13}{24}$	٣/٨/٨
١	زوجہ یا زوجات	٣	$\frac{1}{8}$	/٢
٢	باپ یا دادا	٤	$\frac{1}{6}$	٣/٨/٢
٣	ماں یا نانی	٤	$\frac{1}{6}$	٣/٨/٢
	جملہ متروکہ	٢٤	١	عص
٢٤	بیٹا یا بیٹے	١٧	$\frac{17}{24}$	٣/٤/١١
١	زوجہ یا زوجات	٣	$\frac{1}{8}$	/٢
٢	نانی اور دادی	٤	$\frac{1}{6}$	٣/٨/٢
	جملہ متروکہ	٢٤	١	عص

۲۵	بیٹا یا بیٹے	۱۳	$\frac{۱۳}{۲۴}$	۸ ۹ ۸/
۱	زوجہ یا زوجات	۳	$\frac{۱}{۸}$	۲/
۲	نانی یا دادی یا نانی اور دادی	۴	$\frac{۱}{۶}$	۲ /۸ ۳/
۳	دادا	۴	$\frac{۱}{۶}$	۲ ۹ ۳/
	جملہ متروکہ	۲۴	۱	عصہ

بیٹی کے مسایل

ایک وارث کے ساتھ

۲۶	بیٹی	۱	$\frac{۱}{۲}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے یا پروتا یا پروتے	۱	$۱ - \frac{۱}{۲} = \frac{۱}{۲}$	۸/
	جملہ متروکہ	۲	۱	عصہ
۲۷	بیٹی	۳	$\frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۴} = \frac{۳}{۴}$	۱۲/
۱	پوتی یا پوتیان یا پروتی یا پروتیان	۱	$\frac{۱}{۶} + \frac{۱}{۱۲} = \frac{۱}{۴}$	۴/
	جملہ متروکہ	۴	۱	عصہ
۲۸	بیٹی	۳	$\frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۴} = \frac{۳}{۴}$	۱۲/
۱	شوہر	۱	$\frac{۱}{۴}$	۴
	جملہ متروکہ	۴	۱	عصہ
۲۹	بیٹی	۷	$\frac{۱}{۲} + \frac{۳}{۸} = \frac{۷}{۸}$	۱۴/
۱	زوجہ یا زوجات	۱	$\frac{۱}{۸}$	۲/
	جملہ متروکہ	۸	۱	عصہ
۳۰	بیٹی	۱	$\frac{۱}{۲}$	۸/
۱	باپ یا دادا یا سگی یا سوتیلی بہن یا	۱	$\frac{۱}{۲}$	۸/

نمبر	وارث	سہام	حصہ	
	یا بہنین یا عصبہ بنفسہ کے صنف سوم وچہارم مین سے کوئی ایک یا زاید یا عصبہ سببیہ یا عصبہ سببیہ کا عصبہ بنفسہ			
	جملہ متروکہ	۲	۱	عص
۳۱	بیٹی	۳	$\frac{1}{2} + \frac{1}{4} = \frac{3}{4}$	۱۲/
۱	نانی یا نانی یا [illegible]ی	۱	$\frac{1}{6} + \frac{1}{12} = \frac{1}{4}$	۴/
	جملہ متروکہ	۴	۱	عص

بیٹی کے مسایل (ضمناً پوتی کے بعض مسائل)

دو وارث کے ساتھ

نمبر	وارث	سہام	حصہ	
۳۲	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا	۲	$\frac{1}{2}$ کا $\frac{2}{3} = \frac{1}{3}$	۵/۴/۳
۲	پوتی	۱	$\frac{1}{2}$ کا $\frac{1}{3} = \frac{1}{6}$	۲/۸/۲
	جملہ متروکہ	۶	۱	عص
۳۳	بیٹی	۱	$\frac{1}{2}$	۸/
۱ / ۲	پوتا یا پوتے اور پوتی یا پوتیان	۱	$\frac{1}{2}$	۸/
	جملہ	۲	۱	عص
۳۴	بیٹی	۲	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے یا پرپوتا یا پرپوتے	۱	$1 - \frac{3}{4} = \frac{1}{4}$	۴/
۲	شوہر	۱	$\frac{1}{4}$	۴/
	جملہ	۴	۱	عص

۳۵	بیٹی	۴	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے یا پروتا یا پروتے	۳	$\frac{3}{8}$	۶/
۲	زوجہ یا زوجات	۱	$\frac{1}{8}$	۲/
	جملہ	۸	۱	عہ
۳۶	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے یا پروتا یا پروتے	۲	$1-(\frac{1}{6}+\frac{1}{2})=\frac{1}{3}$	۵/۴
۲	باپ یا دادا	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸
	جملہ	۶	۱	عہ
۳۷	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے یا پروتا یا پروتے	۲	$1-\frac{2}{3}=\frac{1}{3}$	۵/۴
۲	ماں یا نانی یا دادی	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸
	جملہ	۶	۱	۲/۸
۳۸	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتی یا پوتیاں	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸
۲	پروتا یا پروتے	۲	$1-(\frac{1}{6}+\frac{1}{2})=\frac{1}{3}$	۵/۴
	جملہ	۶	۱	عہ
۳۹	بیٹی	۹	$\left\{\frac{1}{2}\right.$ مگر حصہ مردود $\frac{9}{16}$	۹/
۱	پوتی یا پوتیاں یا پروتی یا پروتیاں	۳	$\left.\frac{1}{6}\right\}$ $\frac{3}{4}$ $\frac{3}{16}$	۳/
۲	شوہر	۴	$\frac{1}{4}$	۴/
	جملہ	۱۶	۱	عہ
۴۰	بیٹی	۲۱	$\left\{\frac{1}{2}\right.$ $\frac{7}{8}$ حصہ $\frac{21}{32}$	۱۰/۶
۱	پوتی یا پوتیاں یا پروتی یا پروتیاں	۷	$\left.\frac{1}{6}\right\}$ مردود $\frac{7}{32}$	۳/۶
۲	زوجہ یا زوجات	۴	$\frac{1}{8}$	۲/
	جملہ	۳۲	۱	عہ

۴۱	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتی یا پوتیان یا پروتی یا پروتیان	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸/
۲	باپ یا دادا یا سگی یا سوتیلی بہن یا بہنین یا عصبہ بنفسہ کی صنف سوم یا چہارم مین سے کوی ایک یا زیادہ یا عصبہ بسببہ یا عصبہ بسببہ کا عصبہ بنفسہ	۲	$\frac{1}{3}$	۵/۴/
	جملہ	۶	۱	عص
۴۲	بیٹی	۳	$\frac{3}{5}$	۹/۷ ۱/۵ ا/
۱	پوتی یا پوتیان یا پروتی یا پروتیان	۱	$\frac{1}{5}$	۳/۲ ۲/۵ /
۲	مان یا نانی یا دادی	۱	$\frac{1}{5}$	۳/۲ ۲/۵ /
	جملہ	۵	۱	عص
۴۳	بیٹی یا پوتی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پروتا	۲	$\frac{1}{3}$	۵/۴/
۲	پروتی	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸/
	جملہ	۶	۱	عص
۴۴	بیٹی یا پوتی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پروتا یا پروتے	۲	$\frac{1}{3}$	۵/۴/
۲	پروتی یا پروتیان	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸/
	جملہ	۶	۱	عص
۴۵	بیٹی یا پوتی یا پروتی	۲	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	شوہر	۱	$\frac{1}{4}$	۴/
۲	باپ یا دادا یا سگی یا سوتیلی بہن یا	۱	$\frac{1}{4}$	۴/

بیٹی

	یا بہنیں یا عصبہ بنفسہ کے صنف سوم یا چہارم میں سے کوی ایک یا زیادہ یا عصبہ بسببہ یا عصبہ بسببہ کا عصبہ بنفسہ			
	جملہ	۴	۱	عصہ
۴۶	بیٹی یا پوتی یا پروتی	۹	۹/۱۶ حصہ مردود	۹/
۱	شوہر	۴	۱/۴	۴/
۲	ماں یا نانی یا دادی	۳	۳/۱۶ حصہ مردود	۳/س
	جملہ	۱۶	۱	عصہ
۴۷	بیٹی یا پوتی یا پروتی	۴	۱/۲	۸/
۱	زوجہ یا زوجات	۱	۱/۸	۲/
۲	باپ یا دادا یا سگی یا سوتیلی بہن یا بہنیں یا عصبہ بنفسہ کے صنف سوم یا چہارم میں سے کوی ایک یا زیادہ یا عصبہ بسببہ یا عصبہ بسببہ کا عصبہ بنفسہ	۳	۳/۸	۶/
	جملہ	۸	۱	عصہ
۴۸	بیٹی یا پوتی یا پروتی	۲۱	۱/۲ مگر ۲۱/۳۲ حصہ مردود	۱۰/۶س
۱	زوجہ یا زوجات	۴	۱/۸	۲/
۲	ماں یا نانی یا دادی	۷	۱/۶ مگر ۷/۳۲ حصہ مردود	۳/۶س
	جملہ	۳۲	۱	عصہ
۴۹	بیٹی یا پوتی یا پروتی	۳	۱/۲	۸/
۱	باپ	۲	۱/۳	۵/۴س
۲	ماں یا نانی	۱	۱/۶	۲/۸س
	جملہ	۶	۱	عصہ

۵۰	بیٹی یا پوتی یا پروتی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	ماں یا نانی یا دادی	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸سر
۲	دادا یا سگی یا سوتیلی بہن یا بہنیں یا عصبہ بنفسہ کے صنف سوم یا چہارم میں سے کوئی ایک یا زیادہ یا عصبہ ببیہ یا عصبہ ببیہ کا عصبہ بنفسہ	۲	$\frac{1}{3}$	۵/۴سر
	جملہ	۶	۱	عص

بیٹی کے مسایل

تین ورثہ کے ساتھ

۵۱	بیٹی	۲	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے	۱	$1 - \frac{1}{2} - \frac{1}{4} = \frac{1}{4}$	۴/
۲	پوتی یا پوتیان			
۳	شوہر	۱	$\frac{1}{4}$	۴/
	جملہ	۴	۱	عص
۵۲	بیٹی	۴	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے	۳	$\frac{3}{8}$	۶/
۲	پوتی یا پوتیان			
۳	زوجہ یا زوجات	۱	$\frac{1}{8}$	۲/
	جملہ	۸	۱	عص
۵۳	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے	۲	$\frac{1}{3}$	۵/۸سر
۲	پوتی یا پوتیان			

۳	باپ یا دادا یا ماں یا نانی یا دادی	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸ س
	جملہ	۶	۱	عصہ
۵۴	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پوتے	۲	$\frac{1}{3}$	۵/۴ س
۲	نانی	۱	$\frac{1}{6}$	۱/۴ س
۳	دادی			۱/۴ س
	جملہ	۶	۱	عصہ
۵۵	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتی یا پوتیاں	۱	$\frac{1}{6}$	۲/۸ س
۲	پروتا یا پروتے	۲	$\frac{1}{3}$	۵/۴ س
۳	پروتی یا پروتیاں			
	جملہ	۶	۱	عصہ
۵۶	بیٹی	۶	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پروتا (ایک ہو یا زاید)	۱	$\frac{1}{12}$	۱/۴ س
۲	شوہر	۳	$\frac{1}{4}$	۴/
۳	باپ یا دادا یا ماں یا نانی یا دادی	۲	$\frac{1}{6}$	۲/۸ س
	جملہ	۱۲	۱	عصہ
۵۷	بیٹی	۱۲	$\frac{1}{2}$	۸/
۱	پوتا یا پروتا (ایک ہو یا زاید)	۵	$\frac{5}{24}$	۳/۴ س
۲	زوجہ	۳	$\frac{1}{8}$	۲/
۳	باپ یا دادا یا ماں یا نانی یا دادی	۴	$\frac{1}{6}$	۲/۸ س
	جملہ	۲۴	۱	عصہ

۵۸	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$		/۸
۱	پوتا یا پروتا (ایک ہو یا زاید)	۱	$\frac{1}{6}$		۲/۸س
۲	باپ یا دادا	۱	$\frac{1}{6}$		۲/۸س
۳	ماں یا نانی	۱	$\frac{1}{6}$		۲/۸س
	جملہ	۶	۱		عص
۵۹	بیٹی	۶	$\frac{1}{2}$		/۸
۱	پوتی یا پوتیاں	۲	$\frac{1}{6}$		۲/۸س
۲	پروتا یا پروتے	۱	$\frac{1}{12}$		۱/۴س
۳	شوہر	۳	$\frac{1}{4}$		/۴
	جملہ	۱۲	۱		عص
۶۰	بیٹی	۱۲	$\frac{1}{2}$		/۸
۱	پوتی یا پوتیاں	۴	$\frac{1}{6}$		۲/۸س
۲	پروتا یا پروتے	۵	$\frac{5}{24}$		۳/۴س
۳	زوجہ	۳	$\frac{1}{8}$		/۲
	جملہ	۲۴	۱		عص
۶۱	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$		/۸
۱	پوتی یا پوتیاں	۱	$\frac{1}{6}$		۲/۸س
۲	پروتا یا پروتے	۱	$\frac{1}{6}$		۲/۸س
۳	باپ یا دادا یا ماں یا نانی یا دادی	۱	$\frac{1}{6}$		۲/۸س
	جملہ	۶	۱		عص
۶۲	بیٹی	۲	$\frac{1}{2}$		/۸
۱	پروتا یا پروتے }				
۲	پروتی یا پروتیاں }	۱	$\frac{1}{4}$		/۴

نمبر	وارث	سہام	حصہ	مگر حصہ مقصر	مقدار
۳	شوہر	۱	$\frac{1}{4}$		/۴
	جملہ	۴	۱		عصہ

نوٹ ۔ اگر شوہر کی جگہ زوجہ یا باپ یا دادا یا نانا یا نانی یا دادی ہو تو اوس کا نتیجہ مسئلہ نمبر ۵۲ و ۵۳ کے مطابق ہوگا ۔

نمبر	وارث	سہام	حصہ	مگر حصہ مقصر	مقدار
۶۳	بیٹی	۶	$\frac{1}{2}$	$\frac{6}{13}$	۷/۴ $\frac{8}{13}$
۱	پوتی یا پوتیاں	۲	$\frac{1}{6}$	$\frac{2}{13}$	۲/۵ $\frac{7}{13}$
۲	شوہر	۳	$\frac{1}{4}$	$\frac{3}{13}$	۳/۸ $\frac{4}{13}$
۳	باپ یا نانا یا نانی یا دادی یا دادا	۲	$\frac{1}{6}$	$\frac{2}{13}$	۲/۵ $\frac{7}{13}$
	جملہ	۱۳	۱		عصہ
۶۴	بیٹی	۶	$\frac{1}{2}$		/۸
۱	پوتی یا پوتیاں	۲	$\frac{1}{6}$		۲/۸
۲	شوہر	۳	$\frac{1}{4}$		/۴
۳	سگی یا سوتیلی بہن یا بہنیں	۱	$\frac{1}{12}$		۱/۴
	جملہ	۱۲	۱		عصہ
۶۵	بیٹی	۶	$\frac{1}{2}$		/۸
۱	پوتی یا پوتیاں	۲	$\frac{1}{6}$		۲/۸
۲	شوہر	۳	$\frac{1}{4}$		/۴
۳	عصبہ بنفسہ کے صنف سوم یا چہارم میں سے کوئی ایک یا زیادہ یا عصبہ بغیرہ یا اوس کا عصبہ بنفسہ	۱	$\frac{1}{12}$		۱/۴
	جملہ	۱۲	۱		عصہ
۶۶	بیٹی	۱۲	$\frac{1}{2}$		/۸
۱	پوتی یا پوتیاں	۴	$\frac{1}{6}$		۲/۸

۲	زوجہ	۳	$\frac{۱}{۸}$	۲/
۳	باپ یا دادا	۵	$\frac{۱}{۶}+\frac{۱}{۲۴}=\frac{۵}{۲۴}$	۳/۴سر
	جملہ	۲۴	۱	عصہ
۶۸	بیٹی	۱۲	$\frac{۱}{۲}$	۸/
۱	پوتی یا پوتیان	۴	$\frac{۱}{۶}$	۲/۸سر
۲	زوجہ	۳	$\frac{۱}{۸}$	۲/
۳	سگی یا سوتیلی بہن یا بہنین یا عصبہ بنفسہ کے صنف سوم یا چہارم مین سے کوی ایک یا زیادہ یا عصبہ سببیہ یا یا اوس کا عصبہ بنفسہ	۵	$\frac{۵}{۲۴}$	۳/۴سر
	جملہ	۲۴	۱	عصہ
۶۷	بیٹی	۲۱	$\frac{۱}{۲}$ مگر حصہ مردود $\frac{۲۱}{۴۰}$	۸/۴ $\frac{۴}{۵}$سر
۱	پوتی یا پوتیان	۷	$\frac{۱}{۶}$ 〃 $\frac{۷}{۴۰}$	۲/۹ $\frac{۳}{۵}$سر
۲	زوجہ	۵	$\frac{۱}{۸}$	۲/
۳	ماں یا نانی یا دادی	۷	$\frac{۱}{۶}$ مگر حصہ مردود $\frac{۷}{۴۰}$	۲/۹ $\frac{۳}{۵}$سر
	جملہ	۴۰	۱	عصہ
۶۹	بیٹی	۳	$\frac{۱}{۲}$	۸/
۱	پوتی یا پوتیان	۱	$\frac{۱}{۶}$	۲/۸سر
۲	باپ یا دادا	۱	$\frac{۱}{۶}$	۲/۸سر
۳	ماں یا نانی	۱	$\frac{۱}{۶}$	۲/۸سر
	جملہ	۶	۱	عصہ
۷۰	بیٹی	۳	$\frac{۱}{۲}$	۸/
۱	پوتی یا پوتیان	۱	$\frac{۱}{۶}$	۲/۸سر

نمبر	وارث	سہام	حصہ	حصہ بعد رد/عول	رقم
۲	ماں یا نانی یا دادی	۱	$\frac{1}{6}$		۲/۸/ر
۳	سگی یا سوتیلی بہن یا بہنیں یا عصبہ بنفسہ کے صنف سوم یا چہارم میں سے کوی ایک یا زیادہ یا عصبہ بغیرہ یا اوس کا عصبہ بنفسہ	۱	$\frac{1}{6}$		۲/۸/ر
	جملہ	۶	۱		عصہ
۷۱	بیٹی	۳	$\frac{1}{2}$ مگر حصہ مردود	$\frac{3}{5}$	۹/۷ $\frac{1}{5}$ ر
۱	پوتی یا پوتیاں	۱	$\frac{1}{6}$ 〃	$\frac{1}{5}$	۳/۲ $\frac{2}{5}$ ر
۲	نانی	۱	$\frac{1}{6}$ 〃	$\frac{1}{10}$	۱/۷ $\frac{1}{5}$ ر
۳	دادی			$\frac{1}{10}$	۱/۷ $\frac{1}{5}$ ر
	جملہ	۵	۱		عصہ
۷۲	بیٹی	۶	$\frac{1}{2}$ مگر حصہ معول	$\frac{6}{13}$	۷/۴ $\frac{8}{13}$ ر
۱	شوہر	۳	$\frac{1}{4}$ 〃	$\frac{3}{13}$	۳/۸ $\frac{4}{13}$ ر
۲	باپ	۲	$\frac{1}{6}$ 〃	$\frac{2}{13}$	۲/۵ $\frac{7}{13}$ ر
۳	ماں یا نانی	۲	$\frac{1}{6}$ 〃	$\frac{2}{13}$	۲/۵ $\frac{7}{13}$ ر
	جملہ	۱۳	۱		عصہ
